دینی و اصلاحی مضامین پر مشتمل

# تدریس القرآن کراچی

جولائی / اگست ۲۰۲۵ء

محرم الحرام / صفر المظفر ۱۴۴۷ھ

ضمیمۂ خصوصی

# اسلامی مہینوں کا روحانی سفر

## بارہ مہینے، بارہ پیغام

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن
TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN
JTQ

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن

قائم شدہ 1969

پرائمری سطح پر با تجوید ناظرہ قرآن مجید اور
ابتدائی دینی تعلیم و تربیت کا ملک گیر منفرد ادارہ


مرکزی دفتر: اندرونِ عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادر آباد، کراچی
Call and WhatsApp 0311-11-33-587 (JTQ)
ای میل: info@jtq.edu.pk

ریجنل دفتر: A-5، کمرشل پلازہ، دوسری منزل (فیصل بینک) ازمیر ٹاؤن، کینال بینک روڈ، لاہور
فون: 042-35961975-76 ای میل: jtqlahore@jtq.edu.pk

ضمیمۂ خصوصی

# اسلامی مہینوں کا روحانی سفر

## بارہ مہینے، بارہ پیغام

اسلامی سال کے بارہ مہینے صرف دنوں، تاریخوں یا موسمی تبدیلیوں کا حساب نہیں ہیں۔ یہ مہینے ایک مسلسل روحانی سفر کا حصہ ہیں جو انسان کو خود شناسی، رب کی پہچان، محبت، قربانی، صبر اور اصلاحِ نفس کی طرف لے کر جاتا ہے۔ یہ مہینے انسان کو یاد دلاتے ہیں کہ وقت کا ہر لمحہ اللہ کی عطا ہے، اور ہر مہینہ اس کی خاص حکمت اور برکت کے ساتھ آتا ہے۔ دنیا کے کیلنڈر مالی سال، موسمی نظام یا تجارتی اوقات کے مطابق چلتے ہیں، جبکہ اسلامی مہینے دل، روح اور رب کے درمیان تعلق مضبوط کرنے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں۔ یہ محض وقت کا حساب نہیں! بلکہ عبادت، اصلاح، اطاعت اور اللہ کی رضا کی طرف بڑھنے کا راستہ ہے۔

### محرم الحرام: صبر اور قربانی

اسلامی سال کا پہلا مہینہ محرم ہے جو حرمت والے چار مہینوں میں شامل ہے۔ یہ مہینہ صبر، استقامت اور قربانی کا پیغام دیتا ہے۔ اس میں یومِ عاشورہ کو نہایت فضیلت حاصل ہے۔ اس دن حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَامُ اور ان کی قوم کو فرعون سے نجات ملی، اور اسی دن حضرت حسین رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نے کربلا کے میدان میں حق اور سچ کی خاطر عظیم قربانی دی۔ محرم ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ حق پر قائم رہنا اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانا اور زندگی میں سچائی، دیانت، انصاف اور حق کے راستے پر چلنا آسان نہیں! لیکن یہی کامیابی کا واحد راستہ ہے۔ محرم ہمیں حوصلہ دیتا ہے کہ چاہے حالات جیسے بھی ہوں، سچائی کے ساتھ کھڑے رہنا ہی اصل بندگی ہے۔ یہ مہینہ قربانی، صبر اور استقامت کی عملی تصویر ہے۔ کربلا کی سرزمین پر انسانیت نے سیکھا کہ ایمان کے اصول پر ڈٹے رہنے والے کبھی ناکام نہیں ہوتے۔

## صفر المظفر: توہمات کا انکار اور حوصلے کا سبق

صفر کا مہینہ بعض معاشروں میں بدشگونی اور نحوست سے منسوب کیا جاتا رہا ہے، لیکن درحقیقت یہ تصور بالکل بے بنیاد ہے۔ یہ مہینہ بھی باقی مہینوں کی طرح اللہ کی رحمت اور برکت سے بھرا ہوا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں سکھاتا ہے کہ کامیابی یا ناکامی وقت، دن یا مہینے کی مرہونِ منت نہیں، بلکہ انسان کی نیت، محنت اور اللہ پر بھروسے پر ہے۔ صفر میں ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ حالات چاہے جیسے بھی ہوں، مایوسی نہیں! بلکہ ہمت اور جد و جہد ہی اصل راستہ ہے۔

## ربیع الاول: سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

ماہِ ربیع الاول اہلِ ایمان کے دلوں میں خاص مقام رکھتا ہے، کیونکہ اس ماہِ مبارک میں سرورِ کائنات، رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی ولادتِ باسعادت ہوئی۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی تشریف آوری انسانیت کے لیے رحمت، ہدایت، اور نور کا پیغام تھی۔ ربیع الاول ہمیں یاد دلاتا ہے کہ میلادِ مصطفیٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم منانے کے ساتھ ساتھ ہمیں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی سیرتِ طیبہ کو اپنانے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ سچائی، امانت، عدل، رحم اور خدمتِ خلق جیسے اوصاف کو اپنی زندگی میں راسخ کرنا ہی حقیقی اتباعِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم ہے۔ یہی پیغامِ ربیع الاول ہے کہ ہم دنیا و آخرت کی کامیابی کے لیے اپنی زندگی کو تعلیماتِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے مطابق ڈھال لیں۔

## ربیع الثانی: علم اور اصلاح

ربیع الثانی ظاہری طور پر کسی بڑی عبادت یا تہوار سے منسلک نہیں، لیکن اس مہینے کی روحانی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ اس مہینے میں کئی عظیم شخصیات نے علم، عبادت، اور خدمت کے میدان میں انسانیت کی رہنمائی کی۔ یہ مہینہ ہمیں سکھاتا ہے کہ دنیاوی کامیابی کی اصل بنیاد علم، اخلاق اور اللہ کی رضا ہے۔ یہ وقت ہے اپنے اندر جھانکنے کا، اپنی غلطیوں کو سمجھنے اور سدھارنے کا۔ ربیع الثانی ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ دل کی دنیا سنور جائے تو باہر کی دنیا خود بخود خوبصورت ہو جاتی ہے۔

## جمادی الاولیٰ اور جمادی الثانیۃ: عملی جد و جہد اور استقامت

یہ دونوں مہینے ہمیں مسلمانوں کے اس وقت کی یاد دلاتے ہیں جب ایمان کے لیے جان، مال، وقت

اور ہر چیز قربان کرنا معمول کی بات تھی۔ یہ مہینے ہمیں سکھاتے ہیں کہ کسی بھی قوم کی ترقی صرف باتوں سے نہیں! بلکہ عملی جد و جہد، اتحاد، قربانی اور استقامت سے ہوتی ہے۔ ان مہینوں کا پیغام ہے کہ زندگی میں اگر کامیابی چاہیے تو دوسروں کے لیے جینا سیکھو، اپنے مفاد سے آگے سوچو اور اللہ کے راستے میں اپنی صلاحیتوں کو وقف کر دو۔

## رجب المرجب : روحانیت اور معراج

رجب کا مہینہ اللہ کی رحمت، برکت اور روحانی بلندی کا پیغام لے کر آتا ہے۔ یہ مہینہ دل کو دنیا کے جھمیلوں سے نکال کر رب کی طرف متوجہ ہونے کا وقت ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جب انسان اپنی روحانی کمزوریوں کو پہچانتا ہے اور اپنی اصلاح کے سفر پر نکلتا ہے۔ رجب کا پیغام ہے کہ دنیا کی وقتی خوشیوں اور مصروفیات سے نکل کر دل کی دنیا آباد کرو۔ عبادت، ذکر، اور اللہ سے تعلق کو مضبوط کرو تاکہ زندگی کا مقصد سمجھ میں آ جائے۔

## شعبان المعظم : توبہ، اصلاح اور رمضان کی تیاری

شعبان رمضان المبارک کی تیاری کا مہینہ ہے۔ اس مہینے کا اصل پیغام ہے کہ انسان اپنے دل کی صفائی کرے، دوسروں کے ساتھ اپنے معاملات درست کرے، کینہ، بغض، حسد اور نفرت کو دل سے نکال دے۔ یہ مہینہ یاد دلاتا ہے کہ رمضان کی برکتیں تب ہی ملتی ہیں جب انسان دل کی صفائی کے ساتھ اس میں داخل ہو۔ شعبان اصلاحِ نفس، توبہ، معافی، اور اللہ کی طرف پلٹنے کا بہترین موقع ہے۔

## رمضان الکریم : رحمتوں اور برکتوں کا حصول

رمضان المبارک اسلامی سال کا سب سے بابرکت اور عظیم مہینہ ہے۔ قرآنِ کریم اسی مہینے میں نازل ہوا، اور اس میں روزے فرض کیے گئے۔ رمضان میں دن کو روزہ اور رات کو تراویح، عبادت، اور ذکر کے ذریعے روحانی تربیت کی جاتی ہے۔ شبِ قدر اس مہینے کا سب سے قیمتی تحفہ ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں روح، جسم، اور دل کی تربیت ہوتی ہے۔ یہ محض بھوکا رہنے کا نام نہیں! بلکہ نفس پر قابو پانے، دل کی صفائی، اور اللہ کے قریب ہونے کا مہینہ ہے۔ رمضان کا پیغام ہے کہ عبادت کو اپنی زندگی کا حصہ بناؤ۔ روزہ صرف جسم کا نہیں، زبان، آنکھ، دل، اور سوچ

کا بھی ہو۔ اس مہینے میں انسان سیکھتا ہے کہ زندگی کا مقصد محض دنیاوی کامیابی نہیں! بلکہ اللہ کی رضا حاصل کرنا ہے۔

## شوال المکرم: شکرگزاری، نعمتوں کا تسلسل

شوال رمضان کے اختتام اور عید الفطر کی خوشیوں کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں چھ روزے رکھنے کی بڑی فضیلت ہے، جنہیں رمضان کے روزوں کے ساتھ ملا کر پورے سال کے روزوں کا اجر حاصل ہوتا ہے۔ شوال اس بات کی علامت ہے کہ رمضان کے بعد بھی نیکی اور عبادت کا سلسلہ جاری رہے۔ شوال رمضان کے بعد کا مہینہ ہے جو اس بات کا پیغام دیتا ہے کہ رمضان کے اثرات صرف رمضان تک محدود نہ ہوں۔ عبادت، صبر، قربانی، اور نیکی کا سفر عید کے بعد بھی جاری رہنا چاہیے۔ شوال ہمیں مسلسل نیکی کی راہ پر گامزن رہنے کی یاد دہانی کرواتا ہے۔

## ذی القعدة: امن اور حج کی تیاری

ذوالقعدہ کا مہینہ امن، صلح اور خود احتسابی کا مہینہ ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب لوگ دنیاوی جھگڑوں سے نکل کر اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اس مہینے میں حج کی تیاری بھی ہوتی ہے، جو انسان کے لیے زندگی کے سب سے بڑے روحانی سفر کا آغاز ہے۔ ذوالقعدہ ہمیں سکھاتا ہے کہ اصل سکون دنیاوی دوڑ دھوپ میں نہیں! بلکہ اللہ کے قریب ہونے، صلح، محبت، اور امن میں ہے۔

## ذی الحجة: حج، قربانی اور اللہ کی رضا کا حصول

ذوالحجہ اسلامی سال کا آخری اور سب سے اہم مہینہ ہے۔ اس میں حج جیسا عظیم رکن ادا کیا جاتا ہے۔ ذوالحجہ کے پہلے دس دن دنیا کے سب سے بابرکت دن ہیں جن میں ہر نیکی کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔ نویں ذوالحجہ کو یوم عرفہ اور دسویں کو عید الاضحیٰ منائی جاتی ہے، جو حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَامُ کی قربانی کی یادگار ہے۔ قربانی کا عمل ہمیں سکھاتا ہے کہ اپنی خواہشات، انا، غرور اور دنیاوی محبتوں کو اللہ کے حکم پر قربان کرنا ہی بندگی ہے۔ ذوالحجہ کا پیغام ہے کہ وحدت، محبت، قربانی، اطاعت اور اخلاص ہی کامیابی کا راستہ ہے۔